رسائل و مسائل

تعبیرِ دستور کا حق

سوال - دستور کی تعبیر کا حق کس کو ہونا چاہیے؟ مقننہ کو یا عدلیہ کو؟ سابق دستور میں یہ حق عدلیہ کو تھا اور موجودہ دستور میں یہ حق عدلیہ سے چھین کر مقننہ کو ہی دے دیا گیا ہے۔ اس پر یہ اعتراض کیا گیا کہ عدالتوں کے اختیارات کو کم کر دیا گیا ہے اور یہ حق عدلیہ کے پاس باقی رہنا چاہیے۔ اس مسئلہ پر ایک صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ اسلام کے دورِ اوّل میں عدالتوں کا کام صرف مقدمات کا فیصلہ کرنا تھا۔ قانون کی تشریح اور تعبیر کا حق عدالتوں کو نہ تھا اور نہ عدالتیں یہ طے کرنے کی مجاز تھیں کہ قانون صحیح ہے یا غلط۔ یہ رائے کہاں تک درست ہے؟

جواب - موجودہ زمانے کے قانونی و دستوری مسائل پر اسلام کے دورِ اوّل کی نظیریں چسپاں کرنے کا رجحان آج کل بہت بڑھ گیا ہے۔ لیکن جو لوگ اس طرح کے استدلال کرتے ہیں وہ ہمیشہ اس عظیم الشان فرق کو نظر انداز کر دیتے ہیں جو اُس وقت کے معاشرے اور ہمارے آج کے معاشرے میں، اور اُس وقت کے کارفرماؤں اور اِس دور کے کارفرماؤں میں فی الواقع موجود ہے۔

خلافتِ راشدہ میں خلیفہ خود قرآن و سنت کا بہت بڑا عالم ہوتا تھا اور اس کی متقیانہ سیرت کی وجہ سے مسلمان اُس پر اعتماد رکھتے تھے کہ زندگی کے کسی مسئلے میں بھی اس کا اجتہاد کبھی دین کے راستے سے منحرف نہ ہوگا۔ اس کی مجلس شوریٰ کے ارکان بھی سب کے سب بلا استثناء اس بنیاد پر رکنیت کا شرف حاصل کرتے تھے کہ وہ قوم میں سب سے زیادہ دین کے جاننے اور سمجھنے والے ہیں۔ اُن کے زمرے میں کوئی ایسا آدمی بار نہیں پا سکتا تھا جو دین سے جاہل ہو، یا نفسانیت

کی بنا پر دین میں تحریف کرنے والا ہو، یا جس سے مسلمانوں کو کسی بدعت یا غیر اسلامی رجحان کا اندیشہ ہو۔ معاشرے کی عظیم اکثریت بھی اُس وقت دین کے رنگ میں رنگی ہوئی تھی اور کوئی شخص اُس ماحول میں یہ جرأت نہ کر سکتا تھا کہ اسلام کے احکام اور اس کی رُوح کے خلاف کوئی حکم دے یا کوئی قاعدہ و ضابطہ جاری کر دے۔ یہی بلند معیار اُس وقت کی عدالتوں کا بھی تھا۔ منصبِ قضا پر وہ لوگ سرفراز ہوتے تھے جو قرآن و سنت میں گہری بصیرت رکھتے تھے، کمال درجہ کے متقی و پرہیزگار تھے، اور قانونِ خداوندی سے بال برابر بھی تجاوز کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔ ان حالات میں مقننہ اور عدلیہ کے تعلقات کی وہی نوعیت تھی جو ایسے معاشرے میں ہونی چاہیے تھی۔ تمام جج مقدمات کے فیصلے براہِ راست قرآن و سنت کے احکام کی بنیاد پر کرتے تھے، اور جن امور میں اجتہاد کی ضرورت پیش آتی تھی اُن میں بالعموم وہ خود اجتہاد کرتے تھے۔ البتہ جہاں معاملات کی نوعیت اس امر کا تقاضا کرتی تھی کہ جج اپنے انفرادی اجتہاد سے فیصلہ نہ کریں بلکہ خلیفہ کی مجلسِ شوریٰ اُن میں شریعت کا حکم متعین کرے، اُن کے بارے میں اجتماعی اجتہاد سے ایک ایسا ضابطہ بنا دیا جاتا تھا جو دین کے اصولوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ مطابقت رکھنے والا ہو سکتا تھا۔ اس نظام میں کوئی وجہ نہ تھی کہ ججوں کو مجلسِ شوریٰ کے بنائے ہوئے قانون پر نظرِ ثانی کرنے کا اختیار ہوتا۔ کیونکہ وہ اگر کسی قانون کو رد کرنے کے مجاز ہو سکتے تھے تو اسی بنیاد پر تو ہو سکتے تھے کہ وہ اصل دستور (یعنی قرآن و سنت) کے خلاف ہے۔ اور قانون وہاں سرے سے کسی ایسے معاملہ میں بنایا ہی نہیں جاتا تھا جس کے متعلق قرآن و سنت میں واضح حکم موجود ہو۔ قانون سازی کی ضرورت صرف اُن معاملات میں پیش آتی تھی جن میں نص موجود نہ ہونے کی وجہ سے اجتہاد ناگزیر ہوتا تھا۔ اور ایسے معاملات میں ظاہر ہے کہ انفرادی اجتہاد کی بہ نسبت اجتماعی اجتہاد زیادہ قابلِ اعتماد ہو سکتا تھا، خواہ بعض افراد کا ذاتی اجتہاد اس سے مختلف ہی کیوں نہ ہو۔

اب ظاہر ہے کہ اُس وقت کی یہ دستوری نظیر آج کے حالات پر کسی طرح بھی چسپاں

نہیں ہوتی - نہ آج کے حکمراں اور مجالسِ قانون ساز کے ارکان خلفائے راشدین اور ان کی مجلسِ شوریٰ سے کوئی نسبت رکھتے ہیں، نہ آج کے جج اُس وقت کے قاضیوں جیسے ہیں، اور نہ اِس دور کی قانون سازی اُن حدود کی پابند ہے جن کی پابندی اُس دور میں کی جاتی تھی۔ اِس لیے اب آخر اس کے سوا کیا چارہ ہے کہ ہم اپنے دستوری ضابطے اس وقت کے حالات کو سامنے رکھ کر تجویز کریں اور خلافتِ راشدہ کی نظیروں پر عمل شروع کرنے سے پہلے وہ حالات پیدا کرنے کی فکر کریں جن سے وہ نظیریں عملاً تعلق رکھتی تھیں۔ موجودہ حالات میں، جہاں تک شرعی معاملات کا تعلق ہے، آخری فیصلہ نہ انتظامیہ پر چھوڑا جا سکتا ہے، نہ مقننہ پر، نہ عدلیہ پر اور نہ مشاورتی کونسل پر۔ ان میں سے کوئی بھی اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ مسلمان شرعی امور میں اس پر کامل اعتماد کر سکیں۔ شریعت کو مسخ کرنے والے اجتہادات سے امن میسر آنے کی کوئی صورت اس کے سوا نہیں ہے کہ مسلمانوں کی رائے عام کو بیدار کیا جائے اور قوم بحیثیتِ مجموعی اس قسم کے ہر اجتہاد کی مزاحمت کے لیے تیار ہو۔ رہے عام دستوری مسائل، جن میں شریعت کوئی منفی یا مثبت احکام نہیں دیتی، ان میں مقننہ کو آخری فیصلہ کن اختیارات دے دینا بحالات موجودہ خطرے سے خالی نہیں ہے۔ اس کے لیے ایک غیر جانبدار ادارہ ایسا موجود ہونا چاہیے جو یہ دیکھ سکے کہ مقننہ نے کوئی قانون بنانے میں دستور کے حدود سے تجاوز تو نہیں کیا ہے۔ اور ایسا ادارہ ظاہر ہے کہ عدلیہ ہی ہو سکتا ہے۔

سحری کے اوقات اور ڈاڑھی کی مقدار کا مسئلہ

سوال - آج کل بعض حضرات نے مولانا مودودی کے خلاف الزامات تراشی کا جو محاذ قائم کر رکھا ہے اس نے بعض سنجیدہ حضرات کو بھی شکوک و شبہات میں ڈال دیا ہے۔ مولانا کی بعض تحریروں کے خلاف اعتراضات وارد کیے جا رہے ہیں، اس لیے ان

تحریروں کی توضیح ضروری ہے۔ ان وضاحت طلب تحریروں میں سے ایک وہ ہے جس میں قرآن و حدیث کی رو سے سحری کے اوقات بیان کیے گئے ہیں اور یہ بتایا گیا ہے کہ رمضان میں کھانے پینے کے اوقات کس وقت ختم ہوتے ہیں۔ اسے قطعی طور پر قرآن و حدیث کے منشا کے خلاف بتایا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ مولانا نے ایک حدیث سے اذان کے بعد بھی کچھ کھا پی لینے کا جواز نکالا ہے، لیکن شاہ ولی اللہؒ نے اس سے حضرت بلالؓ کی اذان مراد لی ہے جو صبح کو نہیں بلکہ رات ہی کو ہوتی تھی۔

مولانا مودودی کے خلاف ایک مزید اعتراض یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنی تحریروں میں مشت بھر سے کم ڈاڑھی رکھنے کو جائز قرار دیا ہے حالانکہ درمختار میں ہے کہ ایک مٹھی سے کم کو کسی نے جائز نہیں کہا (لم یبحہ احد) یہ گویا اجماع ہے اور اس کی خلاف ورزی کرنے والا فاسق ہے۔ براہِ کرم واضح کریں کہ مولانا مودودی کے قول کے حق میں کوئی سند موجود ہے یا نہیں؟

جواب: معترضین کا پہلا اعتراض تفہیم القرآن جلد اول، ص ۱۴۶ کی اس عبارت پر ہے:

"آج کل لوگ سحری اور افطار کے معاملے میں شدتِ احتیاط کی بنا پر کچھ بے جا تشدد برتنے لگے ہیں مگر شریعت نے ان دونوں اوقات کی کوئی ایسی حدبندی نہیں کی ہے جس سے چند سیکنڈ یا چند منٹ اِدھر اُدھر ہو جانے سے آدمی کا روزہ خراب ہو جاتا ہو۔ سحر میں سیاہیٔ شب سے سپیدۂ سحر کا نمودار ہونا اچھی خاصی گنجائش اپنے اندر رکھتا ہے اور ایک شخص کے لیے یہ بالکل صحیح ہے کہ اگر عین طلوع فجر کے وقت اس کی آنکھ کھلی ہو تو وہ جلدی سے اٹھ کر کچھ کھا پی لے۔ حدیث میں آتا ہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی شخص سحری کھا رہا ہو اور اذان کی آواز آجائے تو فوراً نہ چھوڑ دے، بلکہ اپنی حاجت بھر کھا پی لے۔"

اس عبارت پر جو مختلف اعتراضات کیے گئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ اس عبارت کا

مضمون حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ کے خلاف ہے نیز یہ کہ اس میں حدیث کا مفہوم غلط سمجھا گیا ہے اور اس سے غلط استدلال کیا گیا ہے، کیونکہ اس حدیث میں دراصل حضرت بلالؓ کی اس اذان کی جانب اشارہ ہے جو طلوعِ فجر کے وقت نہیں بلکہ اس سے بہت پہلے لوگوں کو اٹھانے اور سحری کھانے کے لیے دی جاتی تھی۔ معترضین کا کہنا یہ ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ میں اس حدیث کا یہی مطلب بیان کیا ہے۔

کوئی مسلمان قرآن مجید کے اس ارشاد سے بے خبر نہیں کہ کھانا پینا اُس وقت تک جائز ہے جب تک سیاہیٔ شب کی دھاری سے سفیدیٔ صبح کی دھاری نمایاں نہ ہو جائے لیکن شفق کی طرح سحری کے خاتمہ وقت کے معاملے میں بھی سلف کے دو گروہ ہیں۔ ان کے مابین اختلاف مشہور اور اکثر کتب میں مذکور ہے بعض کے نزدیک طلوعِ فجر کے اوّلین آثار پیدا ہوتے ہی کھانا پینا ممنوع ہو جاتا ہے اور بعض کے نزدیک جب تک روشنی نمایاں نہ ہو جائے اس وقت تک گنجائش موجود رہتی ہے۔ یہ اختلاف خود فقہائے حنفیہ میں بھی ہے۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ خود "المسوّیٰ" میں فتاویٰ عالمگیری کا حوالہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں "وفی العالمگیریہ قد اختلفوا فی ان العبرۃ لاول طلوع الفجر او لاستطارتہ وانتشارہ والاول احوط والثانی اوسع والیہ مال اکثر العلماء وفی الانوار ومعنی الصبح ظہور الضوء للناظر وما قبلہ لا حکم لہ" (عالمگیری میں ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ آیا (روزے کے معاملے میں) معتبر طلوعِ فجر کا اوّلین وقت ہے یا وہ وقت جبکہ فجر کی روشنی ہر طرف پھیل جائے؟ ان میں سے پہلا قول زیادہ مبنی بر احتیاط ہے اور دوسرے میں زیادہ وسعت و سہولت ہے اور اسی کی طرف اکثر علماء مائل ہیں۔ اور انوار میں ہے کہ صبح کے معنی یہ ہیں کہ روشنی دیکھنے والے پر ظاہر ہو اور جو کچھ اس سے پہلے ہے اس پر کوئی حکم نہیں لگتا)۔ اس دوسرے مسلک کی تائید متعدد احادیث سے ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سُنن نسائی، باب السحور کی ایک روایت یہ ہے: عن زید قلنا لحذیفۃ ای ساعۃ تسحرت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ھو النھار الا ان الشمس لم تطلع (حضرت زید فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت

حذیفہؓ سے کہا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کس وقت سحری کرتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا کہ دن چڑھ آتا تھا بس سورج نکل آنے کی کسر باقی رہ جاتی تھی)

اب ابوداؤد کی اس حدیث کو لیجیے جس کا مضمون تفہیم القرآن میں نقل کیا گیا ہے اس حدیث کی مختلف تاویلات کی گئی ہیں۔ بعض نے یہ کہا ہے کہ اس حدیث میں اذان سے مراد مغرب کی اذان ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد طلوع فجر کی اذان ہے، لیکن اس میں کھانے پینے کی جس رعایت کا ذکر ہے اس سے فائدہ اسی حالت میں اٹھایا جا سکتا ہے جبکہ روزہ رکھنے والے کو خود صبح ہو جانے کا یقین نہ ہو ورنہ اس سے فائدہ اٹھانا جائز نہیں۔ اس حدیث کی ایک تاویل وہ بھی ہے جسے شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ میں بیان کیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ رمضان میں ایک اذان حضرت بلالؓ طلوعِ فجر سے بہت پہلے لوگوں کو اٹھانے کے لیے دیتے تھے اور دوسری اذان بعد میں طلوعِ فجر کے وقت حضرت ابن امِ مکتومؓ دیتے تھے۔ شاہ صاحبؒ یہ فرماتے ہیں کہ ابوداؤد کی حدیث میں جس اذان کے بعد کھانے پینے کی اجازت ہے یہ حضرت بلالؓ والی اذان ہے جو فجر سے قبل رات ہی کے آخر میں ہوتی تھی۔

شاہ صاحب کے قول سے کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے کہ اس حدیث کی بس یہی صحیح اور قابلِ ترجیح تاویل ہے اور اس کے حق میں کوئی قوی قرینہ موجود ہے۔ دراصل معالم السنن اور مرقات وغیرہ میں یہ تینوں تاویلات موجود تو ہیں (جن میں حجۃ اللہ والی تاویل بھی شامل ہے) لیکن ان سب کو "قیل" یا "او" کے ساتھ ذکر کر کے چھوڑ دیا گیا ہے اور کسی ایک کو جزم و یقین کے ساتھ اختیار نہیں کیا گیا۔ حق یہ ہے کہ یہ تاویلات بعض اشکالات سے خالی نہیں ہیں اور ان کے بجائے سیدھی سادی اور متبادر تاویل جو مولانا مودودی نے کی ہے وہ نہ صرف اشکالات سے محفوظ ہے، بلکہ ایک دوسری حدیث اس تاویل کی صریح تائید کر رہی ہے۔ وہ حدیث امام احمد نے مسند ابی ہریرہؓ میں صحیح اور متصل سند کے ساتھ نقل کی ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں: اذا سمع احدکم النداء والاناء علی یدہ فلا یضعہ حتی یقضی حاجتہ وکان موذن یوذن اذا بزغ الفجر حب

تم میں سے کوئی اذان ایسی حالت میں سُنے کہ برتن اس کے ہاتھ پر ہو تو وہ اسے نہ رکھے جب تک اپنی حاجت اس سے پوری نہ کرلے اور مؤذن اذان دیتا تھا جب فجر طلوع ہو جاتی تھی)۔ ابوداؤد اور احمد کی ان دونوں روایتوں کے راوی حضرت ابوہریرہؓ ہیں اور دونوں کے شروع کا مضمون یکساں ہے اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ دوسری حدیث پہلی کی تفصیل بیان کر رہی ہے۔ اس تفصیل و اضافہ سے یہ بات قطعی طور پر ثابت ہوگئی کہ حدیث میں جس اذان کے دوران میں کھا پی لینے کی رخصت کا ذکر ہے وہ رات والی اذان نہیں، بلکہ طلوعِ فجر والی اذان ہے جسے بالعموم حضرت ابن ام مکتوم دیا کرتے تھے اور مولانا مودودی کا یہ قول عین مطابقِ حدیث ہے کہ "ایک شخص کے لیے یہ بالکل صحیح ہے کہ اگر عین طلوعِ فجر کے وقت اس کی آنکھ کھلے تو وہ جلدی سے اٹھ کر کچھ کھا پی لے"۔ یہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے ایک تخفیف و تیسیر ہے اور کوئی اللہ کا بندہ اگر اس سے فائدہ اٹھائے تو کسی کی جیب سے کچھ نہیں جاتا۔ پھر اس پر دل میں تنگی محسوس کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

رہی یہ بات کہ اس اذان سے مراد بعض بزرگوں نے حضرت بلالؓ والی اذان لی ہے، تو ان بزرگوں کا احترام ہمارے سر آنکھوں پر، لیکن یہ تاویل کسی طرح دل کو نہیں لگتی۔ حضرت بلالؓ والی اذان تو ہوتی ہی اس غرض کے لیے تھی کہ لوگ اٹھ کر سحری کھائیں۔ اس وقت برتن ہاتھ میں ہونے، اور اس میں سے کھا لینے کی اجازت کا کیا سوال؟ اس وقت تو لوگ اٹھ کر اطمینان کے ساتھ سحری کھاتے تھے جلدی سے کچھ کھا لینے کی اجازت کا سوال اگر پیدا ہوتا ہے تو اسی صورت میں ہوتا ہے جبکہ دوسری اذان کے وقت کسی کی آنکھ کھلی ہو، یا کسی نے دیر سے سحری کھانی شروع کی ہو اور دوسری اذان ہو جائے۔

دوسرا اعتراض مولانا مودودی کے خلاف یہ ہے کہ وہ مُشت بھر ڈاڑھی کو مسنون نہیں سمجھتے حالانکہ اس پر اجماعِ امت ہے۔ اس اعتراض کا بھی جواب دینے سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مولانا مودودی کی اصل عبارت سامنے رکھی جائے۔ مولانا نے رسائل و مسائل حصہ اول میں لکھا ہے "ڈاڑھی کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی مقدار مقرر نہیں کی ہے۔ صرف یہ ہدایت فرمائی ہے کہ رکھی جائے۔ آپ اگر ڈاڑھی رکھنے میں فاسقین کی وضعوں سے پرہیز کریں اور اتنی ڈاڑھی

رکھ لیں جس پر عرفِ عام میں ڈاڑھی رکھنے کا اطلاق ہوتا ہے (جسے دیکھ کر کوئی شخص اس شبہ میں مبتلا نہ ہو کہ شاید چند روز سے آپ نے ڈاڑھی نہیں مونڈی ہے) تو شارع کا منشا پورا ہو جاتا ہے، خواہ اہلِ فقہ کی استنباطی شرائط پر وہ پوری اترے یا نہ اترے۔"

اس امر سے انکار کی گنجائش نہیں ہے کہ کسی صحیح حدیث سے یہ ثابت نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈاڑھی کی کسی خاص مقدار کی تعیین فرمائی ہو۔ آنحضورؐ کا حکم عام ہے کہ ڈاڑھی بڑھاؤ اور مونچھیں گھٹاؤ۔ جہاں تک اس حکم کی بجا آوری کی عملی صورت کا تعلق ہے اس میں استنباط سے کام لیا گیا ہے اور استنباط میں اختلاف بھی رونما ہوا ہے۔ بعض کے نزدیک ڈاڑھی کو بلا نہایت بڑھانا اور اسے اپنے حال پر چھوڑ دینا مقتضائے سنت ہے۔ بعض کے نزدیک مٹھی بھر ڈاڑھی مسنون ہے اور لمبی ڈاڑھی مکروہ ہے۔ بعض کے نزدیک کوئی خاص حد مقرر نہیں، بس ڈاڑھی رکھنا مشروع ہے۔ جو حضرات ایک مشت ڈاڑھی کو مسنون سمجھتے ہیں، ان کا بیشتر انحصار حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے عمل پر ہے کیونکہ وہ قبضے سے زائد ڈاڑھی کو ترشوا دیا کرتے تھے یا صحیح تر روایت کے بموجب انہوں نے حج اور عمرے کے موقع پر ایسا کیا تھا۔ خود حضرت ابن عمرؓ سے کوئی صراحت ایسی مروی نہیں جس سے معلوم ہو کہ آیا وہ ایک قبضہ ڈاڑھی ہی کو مسنون سمجھتے تھے اور مسنون ہونے کی صورت میں ان کے نزدیک یہ مقدار کم سے کم کی حد تھی یا زیادہ سے زیادہ کی۔

حقیقت یہ ہے کہ حضرت ابن عمر کے اس فعل کو اتباعِ سنت پر محمول کرنے کی صورت میں بھی اس سے دونوں طرح کے استنباط کی گنجائش موجود ہے۔ اگر ان کے اس فعل کو حج یا عمرے کے ساتھ مخصوص سمجھا جائے تو اس سے یہ استنباط کیا جا سکتا ہے کہ یہ مقدار ان کے نزدیک کم سے کم کا درجہ رکھتی تھی اور بالعموم آپ اس سے بڑی ڈاڑھی رکھتے تھے۔ اور اگر ان کا عام عمل یہ مانا جائے کہ وہ ایک مشت سے زاید کو ترشوا لیا کرتے تھے اور ڈاڑھی کو مٹھی بھر سے زیادہ بڑھنے نہیں دیا کرتے تھے تو اس سے یہ استدلال بھی کیا جا سکتا ہے کہ یہ مقدار ان کے نزدیک زیادہ سے زیادہ کی حد تھی۔ اس طرح کے استنباط کی بنا پر اگر بعض فقہاء قبضے سے زاید ڈاڑھی ترشوا دینے کو واجب

قرار دے سکتے ہیں، تو یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ قبضے سے کم مقدار کو جائز یا مباح سمجھ لینے میں کون سا امر شرعی مانع ہے؟

باقی رہا صاحبِ درمختار وغیرہ کا یہ فرمانا کہ مٹھی بھر ڈاڑھی کی مقدار پر اجماع ہے اور اس سے کم کو کسی نے بھی مباح قرار نہیں دیا تو یہ ایک ایسا دعویٰ ہے جس کا اثبات بڑا مشکل ہے۔ میں دوسرے مذاہبِ فقہیہ کو چھوڑ کر سرِدست یہاں علامہ عینی حنفی کی تصنیف عمدۃ القاری، کتاب اللباس، باب تقلیم الاظفار" میں سے کچھ حصہ عبارت کا نقل کرتا ہوں جس میں وہ توفیر لحیہ والی حدیث کی شرح کرتے ہوئے امام طبری کے حوالے سے فرماتے ہیں" قد ثبت الحجۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی خصوص ھذا الخبر ان اللحیۃ محظور اعفاؤھا وواجب قصھا علی اختلاف من السلف فی قدر ذلک وحدّہ فقال بعضھم حدّ ذلک ان یزاد علی قدر القبضۃ طولا وان ینتشر عرضا فیقبح ذلک . . . وقال آخرون یاخذ من طولھا وعرضھا ما لم یفحش اخذہ ولم یحد وا فی ذلک حدًّا" (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی دلیل ثابت ہے کہ ڈاڑھی بڑھانے کے متعلق، حدیث کا حکم عام نہیں بلکہ اس میں تخصیص ہے اور ڈاڑھی کا اپنے حال پر چھوڑ دینا ممنوع اور اس کا ترشوانا واجب ہے، البتہ سلف میں اس کی مقدار اور حد کے معاملے میں اختلاف ہے بعض نے کہا ہے کہ اس کی حد یہ ہے کہ وہ لمبائی میں ایک قبضے سے بڑھ جائے اور چوڑائی میں بھی پھیل جانے کی وجہ سے بُری معلوم ہو . . . بعض دیگر اصحاب اس بات کے قائل ہیں کہ لمبائی اور چوڑائی میں کم کرائے بشرطیکہ بہت چھوٹی نہ ہو جائے، انہوں نے اس بارے میں کوئی حد مقرر نہیں کی)۔ اس کے بعد فرماتے ہیں "غیر ان معنی ذالک عندی ما لم یخرج من عرف الناس" (البتہ اس کا مطلب میرے نزدیک یہ ہے کہ ڈاڑھی کا ترشوانا اس حد تک جائز ہے کہ وہ عرفِ عام سے خارج نہ ہو جائے)۔

اب اگر ایک شخص انصاف کی نظر سے اور تعصب سے خالی ہو کر دیکھے تو وہ خود بآسانی اندازہ کر سکتا ہے کہ مولانا مودودی کی مذکورہ بالا عبارت اور عمدۃ القاری کی اس عبارت میں آخر کونسا ایسا بڑا فرق ہے جس کی بنا پر ایک کو تو گوارا کر لیا جائے اور دوسری کی تردید میں مخالفانہ مہم چلانا ضروری . . . . سمجھا جائے۔